موضوعاتی سطر: NYCHA کی جانب سے اہم پیغامات حاصل کریں – یقینی بنائیں کہ آپ کے رابطے کی معلومات تازہ ترین ہیں!

محترم رہائشی افراد،

COVID-19 کی ہنگامی صورتحال ہمیں بروقت، درست مواصلت کی اہمیت کی یاد دہانی کرواتی ہے۔ آپ کو اہم انتباہات اور پیغامات بھیجنے کے لیے، NYCHA نے بڑے پیمانے پر ایک اطلاعاتی نظام متعارف کروایا ہے جسے Everbridge کہتے ہیں۔ یہ اطلاعات گھرانے کے سربراہ کو متنی پیغام، فون کال، یا ای میل کے ذریعے بھیجی جا سکتی ہیں۔ پیغامات آپ کی سالانہ تصدیق نو میں نوٹ کردہ لسانی ترجیح پر منحصر – انگریزی، آسان چینی، روسی، یا ہسپانوی میں بھیجے جائیں گے۔

براہ کرم یہ یقینی بنانے کے لیے کچھ وقت نکالیں کہ ہمارے پاس آپ کے گھرانے کے سربراہ کی حالیہ رابطے کی معلومات موجود ہیں۔ آپ NYCHA سیلف سروس پورٹل (https://selfserve.nycha.info/) کے "میرے پروفائل" سیکشن پر یا MyNYCHA ایپ کی "ترجیحات" کی اسکرین پر جانے کے ذریعے یہ انجام دے سکتے ہیں۔ آپ نمائندے سے اپنی معلومات کی تصدیق کروانے کے لیے کسٹمر رابطہ سینٹر (CCC) کو بھی کال کر سکتے ہیں

اگر یہ آپ کے اسمارٹ فون یا ٹیبلیٹ پر پہلے سے موجود نہیں ہے، تو Apple Store یا Google Play سے MyNYCHA کو ڈاؤن لوڈ کریں – یہ مفت ہے اور آپ کو کام کے آرڈرز تخلیق کرنے، آن لائن کرائے کی ادائیگی، اور مزید کے قابل بناتی ہے۔

Everbridge کے متنی پیغامات 89361 سے آتے ہوئے نظر آئیں گے۔ براہ کرم نوٹ کریں کہ آپ کے کیرئیر کی جانب سے متنی پیغام رسانی کے معیاری چارجز لاگو ہو سکتے ہیں، جو آپ کے فون کے منصوبے پر منحصر ہے۔ اگر آپ ان پیغامات کو موصول کرنے کے اختیار کا عدم انتخاب کرنا چاہتے ہیں، تو آپ کسی بھی وقت "STOP" لکھ کر جواب دے سکتے ہیں۔ ان متنی پیغامات کو دوبارہ وصول کرنے کے لیے، "RESUME" لکھ کر بھیجیں۔

Everbridge ای میلز نیویارک سٹی ہاؤسنگ اتھارٹی(New York City Housing Authority)
(noreply@everbridge.net کے ای میل ایڈریس سے) آتی ہوئی نظر آئیں گی۔ ان اہم ای میلز کو وصول کرنے کو یقینی بنانے کے لیے اس ای میل ایڈریس کو اپنے رابطوں میں شامل کریں۔

Everbridge فون کالز، آپ کی لسانی ترجیحات پر منحصر مندرجہ ذیل نمبروں سے آئیں گی۔ متعلقہ فون نمبر کو اپنے رابطوں میں شامل کریں تاکہ آپ کو پتا ہو کہ کون کال کر رہا ہے۔ آپ اپنے سب سے حالیہ پیغامات کو سننے کے لیے کسی بھی وقت ان نمبروں پر کال کر سکتے ہیں۔

- انگریزی: 718-865-3518
- چینی: 718-866-3783
- روسی: 718-612-7878
- ہسپانوی: 718-612-7902

آپ کی شراکت داری کا شکریہ۔ ہم مختلف مواصلاتی چینلز کے ذریعے آپ کو بروقت اور اہم معلومات فراہم کرنا جاری رکھیں گے۔ اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو براہ کرم CCC کو 718-707-7771 پر کال کریں۔

مخلص،
نیویارک سٹی ہاؤسنگ اتھارٹی (New York City Housing Authority)